© rasailojaraid.com



مولانا حامد الحق حقانی
مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

# دارالعلوم کے شب و روز

## گورنر کے پی کے جناب اقبال ظفر جھگڑا کی مولانا سمیع الحق سے انکی رہائش گاہ پر ملاقات :

۱۳۔دسمبر کو جناب اقبال ظفر جھگڑ گورنر کے پی کے مولانا صاحب سے خصوصی ملاقات کیلئے گھر پر تشریف لائے، مولانا مدظلہ نے ان کو فاٹا اصلاحات ،افغان مہاجرین کی باعزت واپسی اور خصوصاً شمالی وزیرستان کے متاثرین کی بحالی ،نقصانات کے ازالہ اور دیگر امور پر توجہ دلائی ،گورنر سے ملاقات تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ تک جاری رہی۔

## حضرت مولانا فضل الرحمٰن کی حضرت مہتمم صاحب کی رہائش گاہ پر آمد

۳۰ دسمبر کو حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب ،امیر جمعیۃ علماء اسلام (ف) کی حضرت مہتمم صاحب اور نائب مہتمم صاحب سے ملاقات کیلئے تشریف لائے ۔انہوں نے سب سے پہلے شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحقؒ کے مزار پر فاتحہ پڑھی، پھر حضرت مہتمم صاحب کی رہائش گاہ پر اہم سیاسی ،قومی اور بین الاقوامی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا،اس موقع پر حضرت نائب مہتمم صاحب کی خوشدامن کیلئے دعائے مغفرت بھی کی گئی۔

## افغانستان کے اشرف غنی کے خصوصی نمائندہ وسفیر ڈاکٹر حضرت عمر ضاخیل وال کی آمد

۲۱ دسمبر کو افغانستان کے سفیر برائے پاکستان ڈاکٹر حضرت عمر ضاخیل وال نے اکوڑہ خٹک آکر جمعیۃ علماء اسلام اور دفاع پاکستان کونسل کے سربراہ مولانا سمیع الحق سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی اور افغانستان کی صورتحال سمیت دیگر اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا اور افغانستان اور پاکستان کے دوطرفہ تعلقات اور پائیدار مستحکم امن کے قیام پر دو گھنٹے تک مختلف تجاویز زیر بحث آئے۔

## حضرت مہتمم صاحب کی مصروفیات : دفاع پاکستان کونسل کا سربراہی اجلاس

۲۸ نومبر کو دفاع پاکستان کونسل کا سربراہی اجلاس لاہور میں حضرت مہتمم صاحب کی صدارت میں منعقد ہوا، جس میں سندھ اسمبلی کی غیر اسلامی اور غیر آئینی بل کو واپس لینے کا مطالبہ کیا گیا۔قائدین دفاع پاکستان کونسل نے سندھ اسمبلی کے اس اقدام کو قرآن وسنت اور آئین سے غداری قرار دیا۔

© rasailojaraid.com